© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com


اختر علی ارشد☆

# 'جمعیة تحفظ القرآن والحدیث' کا تیسرا اجلاس

جامعہ لاہور الاسلامیہ ایک معروف دینی درسگاہ ہے جس کے نصاب کو جدید دور کے مطابق مروّجہ دینی وعصری نصاب ہائے تعلیم کا امتزاج کرکے ایک مثالی نصاب ونظامِ تشکیل دیا گیا ہے جو عالم عرب کی مشہور جامعات کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔ جامعہ کے روحِ رواں وبانی معروف عالم دین اور مذہبی اِسکالر حافظ عبد الرحمٰن مدنی حفظہ اللہ ہیں، جنہوں نے اس کی بنیاد ۱۹۷۹ء میں رکھی۔ جامعہ ہذا میں تین کلیات کام کررہے ہیں:

1. كلِّية الشريعة والعلوم العربية
2. كلِّية القرآن الكريم والعلوم الإسلامية
3. كلِّية العلوم الاجتماعية

## كلِّية القرآن الكريم والعلوم الإسلامية

کلیة القرآن الکریم کا اِجرا ۱۹/ مارچ ۱۹۹۱ء بمطابق ۲/ رمضان ۱۴۱۱ھ میں، شیخ القراء قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کی زیر نگرانی کیا گیا، جس کا مقصد دینی مدارس میں علومِ قرآن کی ترویج تھا۔ کلیہ ہذا میں وفاق المدارس السّلفیہ کے نصاب میں کچھ ترامیم کرکے مدینہ یونیورسٹی کے نصابِ تجوید وقراءاتِ سبعہ وعشرہ کا اضافہ کیا گیا تاکہ اس کا فارغ التحصیل:

* علوم قرآن (قراءات اور تفسیر وغیرہ) کا ماہر ہونے کے ساتھ ساتھ مستند عالم دین بھی ہو اور قرآن کو علومِ اسلامیہ میں مرکزی حیثیت ملے، تاکہ قاری غیر عالم اور عالم غیر قاری جیسے تصور کا خاتمہ ہو۔
* اُمت پر عائد خدمتِ 'قرآن وحدیث' کے فریضہ کو جامع شکل میں بجا لاسکے، کیونکہ اَلمیہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں تجوید وقراءات سے متعلقہ عام درسگاہوں کا فارغ التحصیل عموماً دیگر علومِ شرعیہ اور عربی زبان کی تعلیم سے ناواقف رہتا ہے، دوسری طرف دینی مدارس کے فضلا علومِ قرآن، تجوید وقراءات وغیرہ سے محروم رہتے ہیں۔
* ایسے لوگوں کو راہِ راست پر لانے کے لیے پیش خیمہ ثابت ہو جو مستشرقین کے غلط نظریات کے زیراَثر اَحادیث سے بدظنی کے باعث متنوع قراءات کے 'معجزۂ قرآنی' کے منکر ہیں۔

رئیس الجامعہ حافظ عبد الرحمٰن مدنی حفظہ اللہ اور شیخ القراء قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کے صبر واستقامت اور جگر پاش کوششوں کی بدولت مقاصد میں توقعات سے بڑھ کر کامیابی حاصل ہوئی۔ قراء حضرات، جو شرعی علوم میں بھی مستند حیثیت رکھتے ہیں، کی ایک کھیپ تیار ہوئی جو پورے ملک کی بڑی مساجد اور مدارس میں عموماً اور لاہور میں خصوصاً اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں اور علومِ قرآن اور علومِ شریعت کو مزید آگے پھیلا رہے ہیں۔ والحمد لله علىٰ ذلك!

☆ فاضل کلِّیة القرآن الکریم، جامعہ لاہور الاسلامیہ، رکن مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com



یہ سب کچھ دیکھتے ہوئے اس سلسلہ کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا اور متعدد مقامات پر کلِّیۃ القرآن، جامعہ لاہور الاسلامیہ کی مثل بعض اور کلیات القرآن کا قیام عمل میں لایا گیا، جن میں سے کلِّیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الإسلامیۃ (مرکز البدر، اِدارۃ الاصلاح بونگہ بلوچاں)، کلِّیۃ القرآن الکریم (جامعہ محمدیہ لوکو ورکشاپ) اور کلِّیۃ القرآن الکریم (جامعہ سلفیہ، فیصل آباد) قابل ذکر ہیں۔

## جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کا مختصر تعارف

علومِ قرآن کے ماہرین کا ایک حلقہ تو خواص کی حد تک تیار ہو رہا تھا، اس کے اثرات کو عوام الناس تک عام کرنے کے لیے ۱۹۹۸ء میں کلِّیۃ القرآن الکریم والعلوم الإسلامیۃ کے تحت شیخ القراء قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کی زیرنگرانی ایک تحریک کا باقاعدہ آغاز کیا گیا، جس کا نام ’جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث‘ رکھا گیا، جس کے درج ذیل مقاصد طے کیے گئے:

- تجوید وقراءات کا عوام الناس میں فروغ۔
- مستشرقین کے غلط نظریات کے زیر اَثر اَحادیث سے بدظنی اور متنوع قراءات کے ’معجزۂ قرآنی‘ کے انکار کا علمی محاکمہ
- دُنیا میں پائے جانے والے مختلف لہجوں کو پاکستان میں متعارف کروانا۔
- تجوید وقراءات کے بارے میں علمی لٹریچر کی طباعت اور عوام میں اس کی اشاعت۔
- عوام الناس میں قرآن اور قراءات قرآنیہ کے ذوق کو پروان چڑھانے کے لیے محافل قراءات کا انعقاد۔
- مختلف روایات متداولہ وغیر متداولہ کو زیورِ طباعت سے آراستہ کرکے دنیا میں رائج کرنا اور پھیلانا۔
- مختلف روایات میں مکمل قرآن کریم کی ریکارڈنگ اور نشر کا سلسلہ۔
- قومی و بین الاقوامی شہرت کے حاملین قراء کی تلاوت پر مبنی کیسٹ لائبریری کا قیام
- خالصتاً اردو دان طبقہ کے لیے علوم قرآن سے متعلق مختلف ابحاث پر مبنی مواد کو پیش کرنے کے لیے ویب سائٹس کا اجراء، جس میں مختلف دینی موضوعات کے ساتھ ساتھ علم قراءت پر شاندار مواد کی فراہمی۔
- تجوید وقراءت پر مبنی مختلف سافٹ ویئرز کی تیاری۔

## جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے اجلاس

جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے تحت فضلاء کلِّیۃ القرآن کے تین اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، جن میں سے دوسرے اجلاس کی کارروائی ماہنامہ ’رشد‘ اگست ۲۰۰۷ء میں پیش کی جا چکی ہے۔ تیسرے اجلاس کی کارروائی کو پیش کرنے سے پہلے گذشتہ دونوں اجلاس کی کارروائی کو مختصر بیان کیا جاتا ہے۔

## جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کا پہلا اجلاس

مختلف انتظامی اور داخلی وجوہات کی بنا پر آغاز کے کچھ عرصہ بعد یہ تحریک تین چار سال تعطل کا شکار رہی، جس کو نئے جذبات کے ساتھ پھر سے شروع کرنے کے لیے طے کیا گیا کہ کلِّیۃ القرآن الکریم والعلوم الإسلامیۃ کے متخرّجین کے اجلاس منعقد کیے جائیں۔





محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com



اس سلسلے میں پہلا اجلاس ۲۰۰٦ء میں كلّية القرآن الكريم والتربية الإسلامية (مرکز البدر، بونگہ بلوچاں) میں استاذ القراء قاری محمد ابراہیم میر محمدی ﷾ کی زیر سرپرستی منعقد ہوا، جس میں مادر ادارہ كلّية القرآن الكريم کے فضلاء کو جمع کیا گیا۔ ان کے لیے ایک فارم تیار کیا گیا، جس میں ان کی ذاتی معلومات کو محفوظ کیا گیا اور جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کو کامیاب کرنے کے لیے لائحہ عمل تیار کرنے کی فکر پیش کی گئی اور اس بارے حاضرین سے تجاویز وآراء بھی لی گئیں۔ اس پروگرام میں اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری صہیب احمد میر محمدی ﷾ نے سرانجام دیئے۔

## اجلاس کی کارروائی

پروگرام کا آغاز قاری حمزہ مدنی ﷾ کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ یہ اجلاس ایک تعارفی اور ملاقاتی نوعیت کا حامل تھا۔ جس کا مقصد یہ تھا کہ ایک مرتبہ سب فضلاء كلّية القرآن کو اکٹھا کر کے تحریک کے احیاء کے حوالے سے کچھ گفتگو ہو سکے اور باہمی رابطہ قائم ہو سکے۔ اس لیے اس اجلاس میں کسی قسم کا منہج اور ہدف مقرر نہیں کیا گیا تھا، بلکہ ایک رابطہ کونسل تشکیل دی گئی، جس کے ذریعے تمام فضلاء کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا جا سکے اور پیش آنے والے مسائل کو حل کرنے کے لیے باہمی ربط قائم رہے۔ اس کونسل کے ذمہ داران میں سے چند ایک نمایاں افراد یہ ہیں:

1. قاری صہیب احمد میر محمدی ﷾
2. قاری محمد فیاض ﷾
3. قاری انس نضر مدنی ﷾
4. قاری عبید اللہ غازی ﷾
5. قاری خالد فاروق ﷾
6. قاری عبدالسلام عزیزی ﷾

## جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کا دوسرا اجلاس

جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کا دوسرا اجلاس كلّية القرآن الكريم والتربية الإسلامية (مرکز البدر بونگہ بلوچاں) میں مؤرخہ ۲۲/جولائی ۲۰۰۷ء بروز سوموار بعد از مغرب قاری محمد ابراہیم میر محمدی ﷾ کی زیر سرپرستی منعقد ہوا، جس میں اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سید علی القاری نے سرانجام دیئے۔

## دوسرے اجلاس کی مختصر رپورٹ

یاد دہانی کے لیے دوسرے اجلاس کی رپورٹ کو مختصراً پیش کیا جاتا ہے، تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ اجلاس میں طے کیے جانے والے اہداف کو کس قدر حاصل کیا گیا ہے اور کون سے اہداف حاصل کرنے ابھی باقی ہیں:

## اِجلاس کا ایجنڈا

اس اجلاس کے انعقاد کیلئے تمام شرکائے مجلس کو جو ایجنڈا بھیجا گیا، وہ درج ذیل ہے:

① مدارس میں طلبا کی سرگرمیاں
② قرآن وسنت کی ترویج کا عملی لائحہ عمل
③ قراءات پر اٹھنے والے اعتراضات کا جواب
④ تدریس کے میدان میں پیش آمدہ مسائل اور ان کا حل
⑤ انتظامی میدان میں پیش آمدہ مسائل اور ان کا حل



محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com


## اجلاس کی مختصر کارروائی

اجلاس بعد از مغرب شروع ہوا۔ باقاعدہ کارروائی کا آغاز استاد محترم قاری حمزہ مدنی ﷾، مدیر کلّیۃ القرآن الکریم والعلوم الإسلامیۃ کی تلاوت سے ہوا۔

تلاوتِ قرآن مجید کے بعد محترم جناب قاری صہیب احمد میر محمدی ﷾ نے وقیع خطاب فرمایا، جس میں انہوں نے منتظمین کے لیے اُن اصولوں پر بڑی تفصیل سے روشنی ڈالی، جن پر عمل کر کے ادارے کو احسن انداز سے چلایا جا سکتا ہے اور انتظامی اُمور میں اپنے آپ کو اِفراط وتفریط سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔

## تجاویز وآرا

محترم قاری صہیب احمد میر محمدی ﷾ کے خطاب کے بعد حاضرین سے تجاویز طلب کی گئیں تو درج ذیل حضرات نے اپنی تجاویز پیش کیں:

١ **حافظ حمزہ مدنی ﷾** (مدیر کلیہ القرآن الکریم والعلوم الاسلامیہ)

حافظ حمزہ مدنی ﷾ نے بہت قیمتی اور مفید مشورے دیئے، جن کا خلاصہ درج ذیل ہے:

- مجلس التحریر کا قیام
- محافل قراءات کا انعقاد
- علمی سیمینار و مذاکرے
- تعارفِ قراءات پروگرام
- ریفریشر کورسز
- مختلف قراءات میں کیسٹوں کی اشاعت
- تجوید وقراءات کے لیے مجلّہ کا آغاز
- تجوید وقراءات پر مبنی کتب کی اشاعت
- سہ ماہی رپورٹ کا اہتمام

٢ **قاری محمد شعیب ﷾** (مدرّس جامعہ سلفیہ، فیصل آباد)

تحریر کے لیے موضوعات کا انتخاب کر لیا جائے اور انہیں فاضلین کے درمیان تقسیم کر دیا جائے، تاکہ ان کی تحریری صلاحیتوں کو اُجاگر کیا جا سکے۔

٣ **قاری اختر علی اَرشد ﷾** (رکن مجلس التحقیق الاسلامی)

راقم نے تجاویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ

- فضلا میں انکے ذوق کے مطابق ذمہ داریاں مقرر کی جائیں تاکہ آئندہ اجلاس میں خاطر خواہ نتائج سامنے آسکیں۔
- فضلا کی ایک ڈائریکٹری تیار کی جائے۔
- جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے نام کا لیٹر پیڈ تیار کیا جائے۔
- مختلف علاقوں میں شارٹ کورسز کا انعقاد کیا جائے۔

٤ **حافظ انس نضر مدنی ﷾** (مدیر اعلیٰ ماہنامہ 'رشد')

حافظ انس مدنی ﷾ نے جمعیت کے اصل مقصد کی طرف توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ اگر جمعیت کا الگ سے کوئی مقصد نہیں تھا تو اس کا قیام کیوں عمل میں لایا گیا؟ لہٰذا صرف خواص میں کام کرنے کی بجائے ہمیں اپنا دائرہ کار عوام تک بڑھانے کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ نیز کسی ہدف کے حصول کے لیے آگے بڑھتے ہوئے اگر منظم کوشش نہ کی جائے تو اسے تنظیم یا جماعت کی بجائے ہجوم کے لفظ سے تعبیر کرنا زیادہ مناسب ہے، چنانچہ مختلف افراد کو


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com


ایک نظم میں یوں سمو دیا جائے کہ ہر فرد کو اس کیمنا سب حال ذمہ داری سونپ کر آئندہ با قاعدہ رپورٹ لی جائے۔

## لائحہ عمل

اس مجلس میں منتخب کی جانے والی چند ایک ذمہ داریوں کا سلسلہ کچھ یوں ہے:

* **شعبہ تحریر:** علم قراءت سے متعلقہ تحریر کو 'ماہنامہ رشد' میں جگہ دی جائے، نیز ہر اجلاس کی رپورٹنگ بھی 'رشد' میں دی جائے ...... مختلف موضوعات پر لکھنے کے لیے درج ذیل فاضلین کا انتخاب کیا گیا:

① حافظ انس نضر مدنی ② قاری محمد فیاض ③ حافظ حمزہ مدنی
④ قاری نعمان مختار لکھوی ⑤ قاری فہد اللہ ⑥ قاری اختر علی

* **شیوخ الحدیث سے ملاقاتیں:** مختلف شیوخ الحدیث سے رابطہ کرنے، قراءات کے بارے میں ان کے خیالات جاننے اور فتویٰ حاصل کرنے کے لیے درج ذیل افراد کا انتخاب کیا گیا:

① قاری محمد نعیم ② قاری احمد بھٹی
③ قاری محمد حسین ④ قاری عبدالسلام عزیزی

## اِجلاس کا اختتام

اجلاس کا اختتام شیخ الحدیث مولانا اکرم بھٹی حفظہ اللہ (فاضل جامعہ لاہور الاسلامیہ، مدرس مرکز البدر، بونگہ بلوچاں) کی دلگداز اور روح پرور دُعا کے ساتھ ہوا۔

## محفل قراءت کا انعقاد

اجلاس کے آخر میں اختتامی تقریب محفل قراءت کا انعقاد کیا گیا تھا جس میں کلیہ کے فضلاء نے تلاوت قرآن کی سعادت حاصل کی اور یوں یہ تقریب رات گئے اپنے اختتام کو پہنچی۔

## جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے تیسرے اجلاس کی کارروائی

یہ پہلے دو اجتماعات کی اجمالی رپورٹ تھی اور اس رپورٹ کو جب شائع کیا گیا تھا تو اس وقت ایک وضاحتی نوٹ کے ساتھ یہ بتایا گیا تھا کہ آئندہ تحریک کا اجلاس فضلاء کلیۃ القرآن کی مادرِ علمی جامعہ لاہور الاسلامیہ میں ہوگا۔ الحمدللہ جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کا تیسرا اجلاس جامعہ لاہور الاسلامیہ کے ہیڈ آفس ۹۹/جے بلاک میں مؤرخہ ۲/دسمبر بروز اتوار منعقد ہوا، جس میں اسٹیج سیکرٹری کے فرائض محمد علی القاری اور پروفیسر جواد حیدر نے سرانجام دیئے۔ فضلاء کلیہ کی اطلاع کے لیے اس اجلاس کی رپورٹ ذیل میں پیش کی جارہی ہے:

## اِجلاس کا ایجنڈا

اِس اجلاس کے انعقاد کیلئے جو ایجنڈا پیش کیا گیا وہ یہ ہے:

① فضلائے کلیہ میں جدید فکری انحراف کے بارے میں شعور پیدا کرنا
② مختلف منکرین قراءات اور مستشرقین کے اشکالات کی حقیقت
③ جدید فکری انحراف پر مبنی مختلف گروہوں کے بارے میں آگاہی


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com


④ موجودہ دور میں قراءات پر ہونے والا کام اور مزید کام کی ضرورت پر آگاہی

## اجلاس کا آغاز

اجلاس کا آغاز قاری عارف بشیر حفظہ اللہ کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔

## تجاویز و آراء

اجلاس میں حاضرین سے تجاویز بھی طلب کی گئیں جن سے تحریک کو فروغ مل سکے اور متعین کردہ اہداف کو حاصل کیا جا سکے، تو درج ذیل حضرات نے اپنی تجاویز پیش کیں:

◉ **حافظ حمزہ مدنی** حفظہ اللہ (مدیر کلیّۃ القرآن الکریم ومدیر مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور)

حافظ حمزہ مدنی حفظہ اللہ نے اس مجلس میں پھر وہی آراء اور تجاویز کا اظہار کیا جو انہوں نے دوسرے اجلاس میں پیش کی تھیں کیونکہ تحریک کو متحرک کرنے اور بامقصد بنانے کے لیے اہداف کا تعین اور عملی طریقہ کار کا اختیار کرنا انتہائی ضروری تھا۔ اس لیے انہوں نے دوبارہ پھر انہی اہم نکات کی طرف اشارہ کیا:

✳ **مجلس تحریر کا قیام**

قراءات کی حجیت اور منکرین قراءات کے نظریات کے رد میں قدیم وجدید علما کی تحریروں کے ترجمے اور مضامین لکھے جائیں اور اس کے لیے ان حضرات کو توجہ دلائی گئی جن کو اس کام کے لیے گذشتہ اجلاس میں اطلاع کر دی گئی تھی۔ وہ حضرات یہ تھے:

① قاری صہیب احمد حفظہ اللہ
② قاری محمد فیاض حفظہ اللہ
③ حافظ محمد زبیر تیمی حفظہ اللہ
④ قاری نعمان مختار لکھوی حفظہ اللہ
⑤ سید علی القاری حفظہ اللہ
⑥ قاری فہد اللہ حفظہ اللہ
⑦ قاری اختر علی حفظہ اللہ
⑧ محمد آصف جاوید حفظہ اللہ

✳ **محافل قراءات کا انعقاد**

✳ علمی سیمینار و مذاکرے
✳ تعارفِ قراءات پروگرام
✳ ریفریشر کورسز
✳ کتابچوں کی اشاعت
✳ سہ ماہی رپورٹ کا اہتمام
✳ تجوید وقراءات کیلئے مجلّہ کا آغاز
✳ مختلف قراءات میں کیسٹوں کی اِشاعت

## جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے عملی اقدامات

یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے تحت متعین کیے جانے والے مقاصد اور دوسرے وتیسرے اجلاس میں طے پائے جانے والے فیصلہ جات کی عملی تعبیر کے لیے ان مختلف پروجیکٹس کا تعارف بھی پیش کر دیا جائے، جو کہ جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے پلیٹ فارم سے گذشتہ ایک ڈیڑھ سال میں سامنے آئے، تاکہ یہ پتہ چل سکے کہ تحریک بطورِ نام ہی نہیں، بلکہ عملی جدوجہد کا نام ہے۔


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com



## ❶ ادارہ بحوث قرآنیہ اور مجلس التحریر کا قیام

حافظ حمزہ مدنی ﷾ کی کوششوں سے مجلس التحقیق الاسلامی کے تحت إدارہ البُحوث القرآنیہ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جس میں جامعہ لاہور الاسلامیہ کے کلّیۃ القرآن کے فضلاء کی ایک تعداد کو جمع کیا گیا ہے اور علوم قراءات کے حوالے سے کثیر الجہتی پروگرام شروع کیے جا چکے ہیں، جس میں علوم قرآن سے متعلق مختلف ابحاث کے تراجم ومضامین کی تیاری کے بعد ان کو عملی شکل دیتے ہوئے کلیہ القرآن سے منسلک علمی وفکری مجلّات ماہنامہ 'محدث'، ماہنامہ 'رشد' اور ماہنامہ 'الاحیاء' میں وقتاً فوقتاً پیش کیا جاتا ہے اور حالیہ 'قراءات نمبر' بھی اسی سلسلے کی ہی ایک کڑی ہے، لیکن اس کے باوجود ایک المیہ بہر حال موجود ہے اور وہ یہ ہے کہ مجلس التحریر کے لیے جن فضلاء کے نام پیش کر کے ذمہ داری دی گئی تھی، استاد محترم شیخ القراء قاری محمد ابراہیم میر محمدی ﷾ کے حکم کے باوجود بحیثیت انسان اکثر وبیشتر افراد اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی کا شکار نظر آتے ہیں۔

## ❷ کتب اور تراجم کی اشاعت

جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے تحت قائم کردہ 'ادارہ بحوث قرآنیہ' نے جو مضامین اور تراجم پیش کیے ہیں، وہ جلد ہی کتابی شکل میں میسر ہوں گے اور علم قراءات پر ایک بہت ہی شاندار مواد اردو زبان میں میسر ہو گا۔ إن شاء اللہ

مجلس التحریر کے تحت فضلاء کلّیۃ القرآن، جامعہ لاہور الاسلامیہ نے جن کتب کے تراجم اور مستقل کتب تیار کی ہیں، ان کا مختصر تذکرہ یوں ہے:

| کتاب کا نام ومصنف | مترجم |
|---|---|
| ① اِرشاد الطالبین از ڈاکٹر سالم محیسن رحمہ اللہ | قاری محمد مصطفیٰ راسخ ﷾ |
| ② تاریخ المصحف الشریف از علامہ عبد الفتاح القاضی رحمہ اللہ | مولانا محمد اسلم صدیق ﷾ |
| ③ شرح اتحاف البریۃ از علامہ علی الضباع رحمہ اللہ | قاری محمد مصطفیٰ راسخ ﷾ |
| ④ المدخل الی علم التحریرات از قاری محمد ابراہیم میر محمدی ﷾ | قاری محمد مصطفیٰ راسخ ﷾ |
| ⑤ المقنع فی التکبیر عند الختم از قاری محمد ابراہیم میر محمدی ﷾ | قاری محمد مصطفیٰ راسخ ﷾ |
| ⑥ القراءات الواردۃ فی السنۃ النبویۃ از ڈاکٹر عیسیٰ معصراوی رحمہ اللہ | مولانا عمران حیدر ﷾ |
| ⑦ جزء فیہ قراءات النبی ﷺ از امام ابو عمرو حفص الدوری رحمہ اللہ | مولانا عمران حیدر ﷾ |
| ⑧ أبحاث القرآن الکریم از علامہ عبد الفتاح القاضی رحمہ اللہ | قاری محمد صفدر ﷾ |
| ⑨ جبیرۃ الجراحات فی حجیۃ القراءات از قاری صہیب احمد ﷾ | قاری محمد صفدر ﷾ |
| ⑩ النحو القرآنی از ڈاکٹر مکی انصاری رحمہ اللہ | مولانا عمران حیدر ﷾ |
| ⑪ قراءات شاذہ اور تفسیر وفقہ میں اس کے اثرات | محمد اسلم صدیق ﷾ |
| ⑫ جامع الأصول فی القراءات العشر (۳ جلدیں) | قاری حمزہ مدنی ﷾ |

آخر الذکر کتاب کی تخریج وتحقیق قاری محمد حسین ﷾، قاری محمد صفدر ﷾، قاری فہد اللہ مراد ﷾ نے کی ہے۔





محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com


## ۳ مختلف قراءات میں کیسٹوں کی اشاعت

دنیا میں پائے جانے والے مختلف لہجات میں کیسٹوں کی اشاعت کا ہدف بھی بہت ہی شاندار اور کامیابی کے ساتھ حاصل کیا جارہا ہے، جس میں شیخ القراء قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ، جناب قاری صہیب احمد میر محمدی حفظہ اللہ اور ڈاکٹر قاری حمزہ مدنی حفظہ اللہ کی مختلف روایات میں تراویح وسٹوڈیو ریکارڈنگ بڑی تعداد نشر ہوچکی ہے اور ہنوز یہ سلسلہ جاری وساری ہے۔ ڈاکٹر قاری حمزہ مدنی حفظہ اللہ کی متعدد قراءات میں ریکارڈ شدہ کیسٹیں اور سی ڈیز تا حال پانچ ہزار کے لگ بھگ مفت تقسیم کی جاچکی ہیں اور تقسیم کا سلسلہ تا حال جاری ہے۔

## ۴ ریفریشر کورسز

تجوید وقراءات کے بارے میں عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے کلّیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الإسلامیۃ، بونگہ بلوچاں کا کردار قابل ستائش ہے کہ پچھلے چھ سال میں گرمیوں کی تعطیلات میں مختلف قسم کے چالیس روزہ چار ریفریشر کورسز کا انعقاد ہو چکا ہے، جن میں تجوید وقراءات کی اہمیت، درست ادائیگی کا طریقہ اور اس کے ساتھ ساتھ شرکاء کی اخلاقی تربیت کو بھی مدنظر رکھا گیا۔ کورسز کے اختتام پر شرکاء میں اسناد بھی تقسیم کی جاتی رہیں۔

## ۵ محافل قراءات

محافل قراءات کے حوالے سے بھی جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے ہی ایک ذمہ دار قاری عبید اللہ غازی حفظہ اللہ نے صوت القرآن العالمی کے نام سے ایک شاندار یونٹ قائم کرکے انٹرنیشنل قراء کی خدمات حاصل کی ہیں، جن کو وہ وقتاً فوقتاً پاکستان میں مدعو کرتے رہتے ہیں، جس سے جماعت اہل حدیث میں عالمی محافل قراءات کا ایک شاندار سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ اس وقت صوت القرآن العالمی کے تحت پاکستان بھر میں مختلف مقامات پر متعدد عالمی محافل کا انعقاد ہو چکا ہے۔ راقم الحروف جس وقت یہ تحریر لکھ رہا ہے اس وقت بھی تین مصری قراء کا ایک شاندار وفد صوت القرآن العالمی کی دعوت پر پاکستان پہنچ چکا ہے اور ملک بھر میں بیس کے قریب مختلف مقامات پر انوارِ قرآنی کی محافل کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ یاد رہے کہ مذکورہ تنظیم کی دعوت پر پچھلے ڈیڑھ سال سے اب تک اس قسم کے تین وفد بیرون ملک سے پاکستان تشریف لا چکے ہیں۔

صوت القرآن العالمی کے ہی تحت مختلف بین الاقوامی قراء کی آوازوں کو لوگوں تک پہچانے کے لیے انٹرنیٹ سروس کے جدید ذریعہ کو بھی استعمال میں لایا گیا ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ عوام الناس جس وقت چاہیں انٹرنیشنل قراء کی تلاوتیں سماعت کرسکیں۔ اس کا طریقہ درج ذیل ہے:

انٹرنیٹ سے *Beyluxe Messenger* ڈاؤن لوڈ کرلیں اور انسٹالیشن کرنے کے بعد اپنا اکاؤنٹ بنائیں۔

اکاؤنٹ بنانے کے بعد *Groups* میں جاکر *Asia,Pasific,Oceania* کی کیٹگری میں جائیں اور وہاں سے *Pakistan* کی کیٹگری میں آجائیں۔ وہاں *Saut ul Quran* میں جائیں اور وہاں پر اپنی پسند کے مصری، ایرانی اور مختلف ممالک کے مشہور ومعروف قراء کی تلاوتیں سماعت کریں۔

اسی صوت القرآن کے اسٹیج پر کلّیۃ القرآن، جامعہ لاہور الاسلامیہ کے قراء اساتذہ مثلاً زینت القراء قاری عبد السلام عزیزی حفظہ اللہ، زینت القراء قاری عارف بشیر حفظہ اللہ، زینت القراء قاری سلمان بڈھیمالوی حفظہ اللہ وغیرہ اور دیگر


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com


کلیات القرآن سے وابستہ معروف اہل حدیث قراء بھی شرکت فرماتے رہتے ہیں۔

## ⑥ ویب سائٹ کا اجرا

جمعیۃ تحفظ القرآن والحدیث کے تحت ایک ویب سائٹ 'کتاب وسنت ڈاٹ کام' (www.KitaboSunnat.com) کے نام سے لانچ کی گئی ہے، جس کی فنی اور عملی ذمہ داری راقم بطور ویب ماسٹر سرانجام دے رہا ہے۔ اس سائٹ پر مختلف موضوعات کے ساتھ ساتھ علوم القرآن سیکشن کو بھی شامل کیا گیا ہے، جس میں علوم قرآن سے متعلقہ اردو میں موجود کتب کو شامل کیا جا رہا ہے۔ اس وقت شیخ القراء قاری محمد یحییٰ رسولنگری حفظہ اللہ کی کتاب 'تحفۃ القراء' اور شیخ القراء قاری محمد ابراہیم میرمحمدی حفظہ اللہ کی کتاب 'تحفۃ القاری' کو آن لائن کر دیا گیا ہے اور مزید کتب کی اپ لوڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی طرح کلّیۃ القرآن کے تحت پہلے سے موجود کیسٹ لائبریری، جس میں تیس کے قریب قراء کرام کے مکمل قرآن کریم اور ملکی و بین الاقوامی شہرت کے حامل قراء کرام کی آواز میں موجود سینکڑوں کیسٹوں کو بھی آن لائن کیا جا رہا ہے۔ فی الحال ویب سائٹ میں بکس اور مجلّات سیکشن آن لائن کیا گیا ہے، آئندہ ایک ماہ کے اندر ان شاء اللہ اردو ویب سائٹس میں سب سے بڑا آڈیو، ویڈیو کا ذخیرہ آن لائن کر دیا جائیگا۔ یاد رہے کہ کتاب وسنت ڈاٹ کام اردو زبان میں پیش کی گئی سب سے بڑی ویب سائٹ ہے، جس کا بنیادی سپیس محض پندرہ سو جی بی پر مشتمل ہے۔

## ⑦ جمع صوتی

قرآن کریم کی مختلف روایات میں ریکارڈنگ کے حوالے سے مکتبہ دارالسلام کی خدمات بھی قابل تحسین ہیں کہ جنہوں نے شیخ القراء قاری محمد ابراہیم میرمحمدی حفظہ اللہ کے ساتھ مل کر روایت ورش میں مکمل قرآن کی ریکارڈنگ کی، تاکہ عوام الناس میں قرآنی تعلیم کو آسان بنانے کے لیے حسن صوت اور حسنِ اداء دونوں کا مجموعہ مصحفِ معلم تیار کر کے انٹرنیشنل سطح پر پیش کیا جائے، جو کہ قابل رشک اور خدمت قرآن کی ایک بہترین صورت ہے۔

اسی طرح پاکستان میں 'ادارہ بحوث قرآنیہ' کے تحت بیس روایات میں بیس قرآنوں کی ریکارڈنگ کا عالمی منصوبہ بھی زیر تکمیل ہے۔ ڈاکٹر قاری حمزہ مدنی حفظہ اللہ کی آواز میں انٹرنیشنل معیار پر قراءات عشرہ اور بیس روایات پر مشتمل ایک 'مصحف مرتل' اسی سلسلہ کی اہم کڑی ہے، جسے کویت کے ایک معروف ادارہ تسجیلات حامل المسك الإسلامية نے چند سال قبل شائع کیا تھا۔ اس وقت محترم قاری صاحب حفظہ اللہ کی متنوع روایات کے حوالے سے الگ الگ روایات میں مستقل کیسٹس کافی تعداد میں نشر ہو کر مختلف ممالک میں پہنچ چکی ہیں۔ یہ مصحف درحقیقت کام کی ابتداء ہے، کیونکہ اس کے بعد جمع صوتی کے نام سے بیس روایات میں سے ہر ایک روایت میں الگ الگ مکمل قرآن کریم کی ریکارڈنگ کا پروجیکٹ جاری ہے، جو بہت جلد پایہ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ اِن شاء اللہ

اس وقت تک درج ذیل چار روایات میں قرآن کریم کی ریکارڈنگ مکمل ہو چکی ہے اور باقی روایات میں ریکارڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ یہ چار روایات عنقریب نشر ہو کر منظر عام پر آجائیں گی۔

① روایت ابی الحارث عن الامام کسائی
② روایت دوری عن الامام کسائی
③ روایت اسحاق عن خلف العاشر کوفی
④ روایت ادریس عن خلف العاشر


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com


## ۸ جمع کتابی

’ادارہ بحوث قرآنیہ‘ کے تحت ایک انتہائی شاندار اور خدمت قرآن پر مبنی پروگرام جمع کتابی کے نام سے جاری ہے، جس میں مختلف ممالک میں پڑھی جانے والی قراءات متواترہ کے ماسوی دیگر غیر متداول روایات کی طباعت کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ اس کام کا پہلا بنیادی مرحلہ عرصہ تین سال میں بخوبی پورا ہوچکا ہے۔ اس مرحلے میں بیس روایات پر مبنی بیس قرآن کریم عملی طور پر تیار کیے گئے، جن پر علمی و تحقیقی کام ڈاکٹر قاری حمزہ مدنی حفظہ اللہ، قاری انس مدنی حفظہ اللہ اور قاری محمد فیاض حفظہ اللہ کی زیر نگرانی ’ادارہ بحوث قرآنیہ‘ کے ۱۲ محقق قراء کرام نے کام کیا اور بفضلہ تعالیٰ اعداد کے کام کو تکمیلی مراحل میں پہنچایا۔ اس تحقیقی کام میں انتہائی احتیاط کا معاملہ کرتے ہوئے اعداد کے بعد اس کی سات سات ابتدائی مراجعت ادارہ کے ہی ارکان کرچکے ہیں۔ بعد ازاں اس اہم مشروع کو مختلف ممالک کی عالمی لجنات میں پروف ریڈنگ اور تصدیق کے لیے بھیجا جائیگا اور پھر طبع کیا جائے گا۔ تاحال اس تحقیقی پراجیکٹ کی ایک انتہائی مراجعت کے لیے لجنۃ مراجعۃ المصحف، جامعہ ازہر سے بات ہوچکی ہے۔

آج کل یہ کام اس مرحلہ میں ہے کہ کمپیوٹر کے ذریعے ’مصحف مدینہ‘ کو سامنے رکھتے ہوئے متعدد مقامات پر تبدیلی کرکے ۲۰ عدد مصاحف کی کاپی تیار کی جارہی ہیں۔ تنفیذی مرحلہ یہ کام بھی ’ادارہ بحوث قرآنیہ‘ کے ذمہ دار ادارے مجلس التحقیق الاسلامی کی بلڈنگ میں ہی کیا جارہا ہے۔

مشروع جمع کتابی کی اشاعت میں سب سے بڑی خوبی یہ ہوگی کہ اس میں رسم الخط اور طریقہ ضبط میں تعریب وتنقیط قرآن کے ابتدائی دور کی مثل مختلف رنگوں میں کی جائے گی، جس سے اسلاف کے طریقہ ضبطِ قرآن سے مماثلت کا احیاء ہوسکے گا۔

جمع کتابی کے سلسلہ میں انٹرنیشنل ادارہ ’دارالسلام‘ بھی قدم بقدم آگے بڑھ رہا ہے اور اس میں پہلی کامیاب کوشش کرتے ہوئے ’روایت حفص‘ کی اشاعت میں رسم عثمانی اور صحیح اوقاف وآیات کی حتی الامکان پابندی ایک خوش آئند مرحلہ ہے، کیونکہ پاکستانی طباعت میں عام طور پر رسم عثمانی وفواصل وغیرہ کی کافی حد تک کمی موجود تھی، جس کو دارالسلام نے دور کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ اس سلسلے میں ان کی انتہائی کامیاب کوشش وہ قرآن کریم ہوگا، جس کا نام ’تجویدی قرآن‘ ہے۔ اس میں رسم عثمانی اور سلف کے مروج ضبط القرآن کے قواعد کی عین مطابقت کے ساتھ ساتھ طباعت قرآن کے حوالے سے تمام اصول وضوابط کو مدنظر رکھ کر مصحف کے تیار کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اسی طرح اس مصحف کی سب سے بڑی خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں مختلف تجویدی اصطلاحات کو مختلف رنگوں سے واضح کیا گیا ہے، تاکہ ایک عام آدمی تجوید کے اصول وضوابط کو آسانی سے سمجھ سکے اور اس کے مطابق قرآن کریم کی تلاوت کرسکے۔ یہ سارا کام شیخ القراء قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کے شاگرد اور فاضل نوجوان قاری عبید اللہ غازی حفظہ اللہ کے زیر نگرانی پایہ تکمیل کو پہنچ رہا ہے۔ قاری صاحب موصوف آج کل ’دارالسلام‘ میں قرآن سیکشن کے انچارج کی حیثیت سے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ قرآن کریم کی طباعت اور خوبصورت آوازوں میں ریکارڈنگ وغیرہ کے حوالے سے ’دارالسلام‘ جو خدمات سرانجام دے رہا ہے، اس پر ڈائریکٹر دارالسلام مولانا عبدالمالک مجاہد حفظہ اللہ اور جناب حافظ عبدالعظیم اسد حفظہ اللہ مبارک باد کے مستحق ہیں کہ جن کی محنتوں سے ایک عظیم فریضہ پایۂ تکمیل کو پہنچ رہا ہے۔


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com